Interview[1]
ash-Shaikh al-'Allamah Rabee' bin Hadi 'Umayr al-Madkhali (may Allah have mercy on him),
(Head of the Department of Ḥadīth, Islamic University of Madinah)
By: Shaikh Anṣār Zubair ʿAẓmī Muḥammadī[2] (may Allah Preserve him)

بِسۡمِ ٱللَّهِ ٱلرَّحۡمَٰنِ ٱلرَّحِيمِ

Q: Respected Shaikh! To begin with, could you kindly state your name and lineage?

A: My full name is Rabeeʿ bin Hādī ʿUmayr al-Madkhalī. Among the well-known tribes of Sabīl, there is a tribe named "Madakhilah" and my ascription is to it, hence I am called al-Madkhalī. Its location is in the southern region of Saudi Arabia, in "Jīzān."

Q: For the sake of acquiring knowledge, from which institutes did you benefit? And what is your current occupation?

[1] Our Esteemed Shaikh Ansar writes: "In 1990, Dr. Rabeeʿ (may Allah have mercy on him) came to India to participate in a training course organized under the auspices of The Islamic University of Madinah, which was held at Jami'ah Muhammadiyah, Mansurah, Malegaon. This course lasted for more than a month, during which Sheikh Rabeeʿ taught us Hadith. At that time, on the instruction of the Sheikh ul-Jami'ah, Sheikh Anisur Rahman Azami Madani (may Allah preserve and protect him), I conducted an interview with Dr. Rabeeʿ, which was published in the journal Tarjuman, Delhi. The final question in the interview was regarding the methodology (manhaj), to which the late scholar gave a comprehensive and detailed answer. Today, when some people are mocking the manhaj and ridiculing its scholars, it is an extremely concerning matter. Thanks and gratitude to Allah, that as a student of Jami'ah Muhammadiyah, 35 years ago I had the privilege of asking Dr. Rabeeʿ (may Allah have mercy on him) a question about the manhaj. The depth of this methodology, the courage to ask the question, and the bravery to propagate it were made possible by Allah's guidance, and thereafter by the scholarly teachers of Jami'ah Muhammadiyah, and its founder Maulana Mukhtar Ahmad Nadwi (may Allah have mercy on him), who endowed us with a principled zeal and honor for this manhaj. All praise and thanks are due to Allah." https://www.facebook.com/share/p/1BH3D1oRSt/

[2] Shaikh is one of the Senior Scholars of Mumbai, India and President of Islamic Fiqh Council of India, and has been serving the religion and the methodology of the Salaf since a long period of time. Shaikh is a student of Shaikh al-'Allamah Rabee' bin Hadi (may Allah have mercy on him), Shaikh al-'Allamah Salih al-Fawzan (may Allah preserve him), Shaikh al-'Allamah Muhammad bin Hadi al-Madkhali (may Allah preserve him) and has been a dedicated and devoted pupil of many decades of Shaikh Muhammad bin Ramzan al-Hajiri (may Allah preserve him). Shaikh conducted this interview with al-'Allamah Rabee' bin Hadi al-Madkhali (may Allah have mercy on him) in the year 1990 CE corresponding approximately to 1410–1411 AH in the Hijri calendar and it was first published in India in 1991, the scans of which are provided at the end. (Translator's Note)

A: In my childhood, I studied in several maktabs (elementary religious schools). Then I benefited from some of the students of Shaikh ʿAbdullāh al-Qarʿāwī (may Allah have mercy on him). Afterwards, I studied at the institute Maʿhad Ṣāmiṭah al-ʿIlmī, located in the south of the Kingdom of Saudi Arabia. From there, when the Islamic University of Madinah was established in 1380 AH, I enrolled in it the same year. After graduating in the academic years 1384 AH and 1385 AH, I was appointed as a teacher in the Secondary Institute of the Islamic University itself. Then I remained engaged in daʿwah and teaching for some years. In 1392 AH, for the purpose of pursuing further studies, I was sent by the Islamic University of Madinah to Umm al-Qurā University in Makkah al-Mukarramah, in order to obtain M.A. and PhD degrees. By the grace of Allah, in 1400 AH I obtained both degrees, and thereafter I returned to assume teaching responsibilities in the Faculty of Ḥadīth at the Islamic University. Afterwards, I was appointed to teach in the Department of Sunnah Studies.

Q: For your PhD degree, on what subject did you write your thesis?

A: A verification (taḥqīq) and study of the famous book of Ḥāfiẓ Ibn Ḥajar (may Allah have mercy on him), al-Nukat ʿalā Muqaddimat Ibn al-Ṣalāḥ.

Q: What is your current occupation?

A: Teaching in the Department of Graduate Studies (Dār al-Dirāsāt) at the Islamic University of Madinah.

Q: How many works have you authored in the field of Hadith?

A: 1. Bayna al-Imamain Muslim wa ad-Daraqutni — “Between the Two Imams, Muslim and ad-Daraqutni” (This was my Master’s thesis).

2. Al-Madkhal ila as-Sahih — “An Introduction to the Sahih” (i.e., a verification of one section related to Sahih al-Bukhari and Sahih Muslim). This has already been published. Work on verifying and completing the remaining sections is ongoing. This book, God willing, will be completed in six volumes.

3. Makanat Ahl al-Hadith — “The Status of the People of Hadith” (This treatise has been published).
4. Manhaj al-Imam Muslim fi Tartib Sahihihi — “The Methodology of Imam Muslim in Arranging His Sahih.”
5. Al-Kashf ʿan Mawqif al-Ghazali min as-Sunnah wa Ahliha — “Unveiling al-Ghazali’s Stance Towards the Sunnah and Its People.”
6. Mudhakirah al-Hadith an-Nabawi — “Notes on the Prophetic Hadith” (This book has also been published).
7. Qaʿidah Jalilah fi at-Tawassul wa al-Wasilah — “A Grand Principle Regarding Intercession and Means” (verified and studied, published).
8. Taqsim al-Hadith ila Sahih wa Daʿif bayna Waqiʿ al-Muhaddithin wa Mujazafat al-Mutaʿassibin — “The Classification of Hadith into Authentic and Weak: Between the Reality of the Hadith Scholars and the Exaggerations of the Fanatics” (This book is under publication).
9. Al-Qawl al-Haqq al-Mubin fi Hayat an-Nabiyyin — “The Clear and True Statement Regarding the Life of the Prophets” (Currently under review and editing).
10. Buhuth fi ʿIlal al-Hadith — “Research in the Hidden Defects of Hadith” (Currently under review and editing).

Q: At present, what important works related to the science of Hadith are being carried out in the Islamic University of Madinah?

A: The Islamic University has many great services. In reality, this university is a tremendous blessing from Allah for the sons of the Islamic world. Among its highly beneficial and valuable contributions is the establishment of Kulliyah al-Hadith — “The College of Hadith.” In this college, along with other Islamic sciences, there is special focus on teaching Hadith, the sciences of Hadith, terminology of Hadith, and the study of narrators. For the further academic development of its graduates, a department called Shuʿbat as-Sunnah — “The Sunnah Department” — has been established, where the graduates obtain M.A. and PhD degrees in the Sunnah and its sciences. The graduates of this department, compared to those from other universities of the Muslim world, are better in religious, scholarly, and

moral aspects. Similarly, by the success granted by Allah, the Islamic University has also incorporated subjects of Hadith and its sciences into other faculties such as Kulliyah ad-Daʿwah — "The College of Daʿwah," Kulliyah ash-Shariʿah — "The College of Shariʿah," and Kulliyah al-Lughah — "The College of Language." In addition, the Islamic University, for the service of the Sunnah and the Prophetic Seerah, has also established a center with the cooperation of the Mushaf Academy founded by the Custodian of the Two Holy Mosques, King Fahd bin Abdul-Aziz (may Allah protect him). This center, God willing, will prove to be the greatest center of this era for the service of the Prophetic Hadith.

Q: In your view, is the propagation and publication of the science of Hadith in the Arab countries satisfactory?

A: In the Arab countries there is certainly activity in relation to the science of Hadith, but I am not fully satisfied with all of these projects, because many unqualified people have also been entrusted with this service, whose only aim is worldly interests, benefits, and wealth. My heartfelt desire is that restrictions be placed on such opportunists and that the service of this noble science be entrusted to the true scholars and capable students of knowledge — those whose hearts are filled with love for it and zeal in defending it, who are able to distinguish between authentic and weak narrations, and who possess complete experience in verification, referencing, editing, and publishing.

Q: Please mention some of the eminent scholars in the Arab lands who are serving the science of Hadith.

A: In the Arab world, the number of those engaged in the service of Hadith has certainly increased, but we cannot call them "eminent great scholars," because most of them have made this service merely a profession. In terms of knowledge, practice, and character, they are far removed from the methodology of the true hadith scholars. Along with superstitions and innovations, they are also overcome by Madhab Fanaticism. Because of

their conduct, the science of Hadith cries out to Allah, pleading to be saved from their actions.

Q: Kindly shed some light on the life and scholarly contributions of Shaikh Nasir ad-Din al-Albani (may Allah preserve him).

A: Shaikh Nasir al-Din al-Albani (may Allah preserve him) is a personality who has dedicated his life to the service of the Prophetic Sunnah. Allah, the Lord of the Worlds, has placed immense blessing in his efforts. Through his wide-ranging endeavors, the youth of the Muslim Ummah have greatly benefited. His tremendous services are such that even institutions with abundant resources and means are unable to accomplish what he has achieved. Without a doubt, he is in this era a distinguished standard-bearer of the Sunnah and unique in his time. “That is the bounty of Allah; He gives it to whom He wills, and Allah is All-Encompassing, All-Knowing” [al-Ma’idah 5:54]. May Allah bless his life with barakah, and grant his opponents fairness and the ability to acknowledge his status, for indeed, it is only the people of virtue who truly recognize the virtues of others.

Q: What is your view regarding the services performed in the field of Hadith in India during earlier periods? Also, it would be beneficial if you share your impressions of the current Hadith scholars.

A: In India, in the field of Hadith, the family of Shah Wali Allah Dehlawi (may Allah have mercy on him) and their students excelled. Shaikh Nawab Sadiq Hasan Khan Bhopali (may Allah have mercy on him), his companions Shaikh Nazir Hussain Dehlawi (may Allah have mercy on him), and their students such as Shaikh Muhammad Bashir Sahasvani (may Allah have mercy on him), Shaikh Shams al-Haq Azeemabadi (may Allah have mercy on him), and Shaikh Abdul Rahman Mubarakpuri (may Allah have mercy on him), along with their associates, carried out such important works in the service and propagation of the Prophetic Sunnah in India that one cannot help but feel gratitude, praise, and pray for their reward. May Allah grant them the best recompense. They authored invaluable and beneficial books in terms of both knowledge and creed, according to the methodology of the

Hadith scholars, which qualifies them to be counted among the Imams of Hadith of the golden era. “May Allah reward them best and place them in Paradise with the Prophets, the truthful, the martyrs, and the righteous. How excellent are those companions!”

As for the present time, India now has many madrasas and universities, but these institutions often suffer from low standards and weaknesses. They lack scholarly capability, strength of competence, and excellence. Today, where are the complete, talented, and exceptional scholars whose names were mentioned before? Those scholars were unparalleled in intellect, asceticism, piety, sincerity, and practice. They were active in daʿwah and the propagation of Islam, swiftly removing the doubts and misconceptions of atheists and polytheists, exposing their false views and actions.

We have strong hope from Allah that He will instill the same capabilities, competence, and strength in the Muslim youth as before. Muslim youth will restore the greatness, authority, and strength of Islam. They will imprint its awe and influence in people’s hearts, uphold Islamic symbols, and strive for their preservation. Those who do not recognize the greatness, dignity, and exalted status of Islam will come to understand its true position through the scholars who carry the authority, arguments, and knowledge of Islam, and through the comprehensive application of Islamic teachings in their creed, character, and governance.

Whenever the true religious character of the callers of Islam has fully manifested in society, the scope and influence of Islam and its scholars have expanded even to other nations and communities, and people were drawn towards Islam and began to accept it. Therefore, in the present era, Islamic madrasas and universities bear the responsibility to prepare intelligent and diligent students in debate, writing, speaking, authorship, and other skills, providing them with the means and resources to grow and progress. Similarly, Muslims can uphold their religion and fulfill the purpose of Islam — guiding people to it and making efforts to bring them into the fold of Islam, as recorded on the golden pages of our Islamic

history. Allah alone is the One who preserves this religion, the All-Powerful, and He will continue to send a renewer (Mujaddid) in every century to revive the faith.

Q: Which Methodology (Manhaj) do you prefer for Indian Muslims?

A: The methodology I prefer for Muslims all over the world, including those in India, is the same methodology that Allah Almighty has approved for this Ummah. Without following it, honor, success, and salvation in this world and the Hereafter cannot be attained. This methodology is the way of the Qur'an, in which there is no room for the intrusion of falsehood from any side. And it is also the Sunnah of the Prophet Muhammad (peace and blessings be upon him), about which Allah says:

﴿وَمَا يَنطِقُ عَنِ ٱلۡهَوَىٰٓ ۝٣ إِنۡ هُوَ إِلَّا وَحۡيٞ يُوحَىٰ ۝٤﴾

"Nor does he speak of (his own) desire. It is not but a revelation revealed" [an-Najm: 3-4]

The Prophet (peace be upon him) never spoke until Jibreel (Gabriel) conveyed the message, and Jibreel never conveyed it until Allah commanded. These two sources — the Qur'an and Sunnah — contain the true success, honor, and elevation of the Muslims, and from them arises unity in their ranks and the cohesion that Allah Almighty loves and commands. Allah says:

﴿وَٱعۡتَصِمُواْ بِحَبۡلِ ٱللَّهِ جَمِيعٗا وَلَا تَفَرَّقُواْۚ﴾

"And hold firmly to the rope of Allah all together and do not become divided" [aal-'Imraan 3:103]

And in another verse:

﴿وَأَنَّ هَٰذَا صِرَٰطِي مُسۡتَقِيمٗا فَٱتَّبِعُوهُۖ وَلَا تَتَّبِعُواْ ٱلسُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِكُمۡ عَن سَبِيلِهِۦۚ ذَٰلِكُمۡ وَصَّىٰكُم بِهِۦ لَعَلَّكُمۡ تَتَّقُونَ﴾

"And, verily, this is My Straight Path, so follow it, and follow not (other) paths, for they will separate you away from His Path. This He has ordained for you that you may become righteous" [al-An'aam 6:153].

Translated into English by the Tawfeeq of Allah by his slave: Ahmad ibn Qutb ad-Deen al-Badr (Student of al-Jamiah al-Islamiyyah Noorbaug, Kausa, Mumbra) 20/08/2025, Wednesday.

ماہنامہ ترجمان حدیث

انٹرویو

ڈاکٹر ربیع بن ہادی عمیر المدخلی

صدر شعبۂ حدیث اسلامی یونیورسٹی مدینہ منورہ

جمعیت اہل حدیث بمبئی

س : محترم! سب سے پہلے آپ اپنا نام و نسب بیان فرمائیں تو ممنون ہوں گا۔

ج : میرا پورا نام ربیع بن ہادی عمیر المدخلی ہے۔ سبیل کے مشہور قبا کی میں بداخندامی ایک قبیلہ ہے جس کی نسبت سے مدخلی کہلاتا ہوں اس کا محل وقوع سعودیہ عربیہ کا جنوبی خطہ "جیزان" ہے۔

س : حصول تعلیم کی خاطر آپ نے کن درسگاہوں سے فیض حاصل کیا؟ نیز آپ کا موجودہ مشغلہ کیا ہے؟

ج : پچپن میں کئی مکاتب میں تعلیم حاصل کی۔ پھر شیخ عبداللہ القرعاوی کے چند تلامذہ سے کسب فیض کیا۔ بعد ازاں مملکت سعودیہ عربیہ کے جنوب میں واقع ادارہ "معہد عامطہ العلمی" میں تعلیم حاصل کی۔ وہاں سے ۱۳۸۰ھ میں فراغت ہوئی۔ ۱۳۸۱ھ میں جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کا قیام عمل میں آیا۔ تو اسی برس جامعہ اسلامیہ میں داخلہ لیا۔ تعلیمی سال ۱۳۸۵ھ و ۱۳۸۵ھ میں فراغت کے بعد جامعہ اسلامیہ میں ہی معہد ثانوی میں استاد مقرر ہوا۔ پھر چند سال تک دعوت و تبلیغ میں مشغول رہا۔ ۱۳۹۲ھ میں مزید تعلیم کے لئے مجھے جامعہ اسلامیہ مدینہ کی طرف سے ایم اے اور پی ایچ ڈی کی اسناد حاصل کرنے کی خاطر ام القریٰ یونیورسٹی مکہ مکرمہ بھیجا گیا۔ اللہ کے فضل سے ۱۳۹۴ھ میں دونوں ڈگریاں حاصل کرلیں تو تدریس کی ذمہ داریاں سنبھالنے کے لئے جامعہ اسلامیہ کے شعبۂ کلیۃ الحدیث میں آگیا۔ اس کے بعد دراسات کے شعبہ السنہ میں تدریس پر مامور ہوا۔

س : پی ایچ ڈی کی ڈگری کے لئے آپنے کس موضوع پر رسالہ لکھا؟

ج : حافظ ابن حجر کی مشہور کتاب "علی مقدمۃ ابن الصلاح" کی تحقیق اور اس کا دراسہ۔

س : جناب کا موجودہ مشغلہ کیا ہے؟

ج : جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ کے شعبۂ دراسات میں درس و تدریس۔

س : علم حدیث میں آپ کی کتنی تصنیفات ہیں؟

ج : ۱۔ بین الامامین مسلم والدارقطنی (یہ ایم اے کا رسالہ ہے)

۲ ـــــ "المدخل الی الصحیح" (یعنی الی صحیح البخاری ومسلم کے ایک جز کی تحقیق) یہ چھپ کر منظر عام پر آچکا ہے۔ باقی حصوں کی تحقیق و تکمیل کا کام جاری ہے۔ یہ کتاب ان شاء اللہ چھ جلدوں میں مکمل ہوگی۔

۳ ۔ "مکانۃ اھل الحدیث" (یہ رسالہ شائع ہو چکا ہے)

۴ ۔ منھج الامام مسلم فی ترتیب صحیحہ

۵ ۔ الکشف عن موقف الغزالی من السنۃ واھلھا

۶ ۔ مذکرۃ الحدیث النبوی (یہ کتاب بھی شائع ہو چکی ہے)

۷ ۔ قاعدۃ جلیلۃ فی التوسل والوسیلۃ تحقیق و دراسہ (مطبوعہ)

۸ ۔ التنکیل بما فی تانیب الکوثری من الاباطیل (زیر مراجعہ و تنقیح)

۹ ۔ القول الحق المبین فی حیاۃ النبیین (زیر مراجعہ و تنقیح)

۱۰ ۔ بحوث فی علل الحدیث (زیر مراجعہ و تنقیح)

س : جامعہ اسلامیہ مدینہ منورہ میں اس وقت علم حدیث سے متعلق کیا کیا اہم کام ہو رہے ہیں؟

ج : جامعہ اسلامیہ کی بہت سی عظیم خدمات ہیں۔ درحقیقت یہ جامعہ عالم اسلامی کے فرزندوں کے لئے اللہ کا بہت بڑا انعام ہے۔ جامعہ اسلامیہ کی بیحد مفید اور قابل قدر خدمات میں سے ایک "کلیۃ الحدیث" حدیث کالج" کا قیام ہے اس کالج میں دیگر علوم اسلامیہ کے ساتھ ہی ساتھ حدیث، علوم حدیث اور مصطلح و رجال وغیرہ کی تعلیم کا خاص اہتمام کیا گیا ہے۔ اس کلیہ کے فارغین کی مزید علمی ترقی کے لئے ایک شعبہ "شعبۃ السنۃ" قائم کیا گیا ہے اس شعبے کے فارغین سنت و علوم سنت میں ایم اے اور پی ایچ ڈی کی ڈگریاں حاصل کرتے ہیں۔ اس شعبے کے فارغین عالم اسلام کی دیگر تمام یونیورسٹیوں کے فارغین کے مقابلے میں دینی، علمی اور اخلاقی اعتبار سے بہتر ہوتے ہیں۔ اسی طرح اللہ رب العزت کی توفیق سے، جامعہ اسلامیہ نے دیگر شعبوں جیسے "کلیۃ الدعوۃ" "کلیۃ عشرعیہ" "کلیۃ اللغۃ" وغیرہ میں بھی حدیث اور علوم حدیث کے مضامین شامل نصاب کئے ہیں علاوہ ازیں جامعہ اسلامیہ نے سنت اور سیرت نبویہ کی خدمت کے لئے خادم الحرمین شریفین شاہ فہد بن عبدالعزیز حفظہ اللہ کی قائم کردہ "معہد اکیڈمی" کے تعاون سے بھی ایک مرکز قائم کیا ہے جو اس دور میں احادیث نبویہ کی خدمت کے لئے ان شاء اللہ سب سے بڑا مرکز ثابت ہوگا۔

س : عرب ممالک میں علم حدیث کی شروعات کا سلسلہ کیا آپ کے نزدیک اطمینان بخش ہے؟

ج : عرب ممالک میں علم حدیث کے سلسلے میں سرگرمی تو ضرور پائی جاتی ہے لیکن میں تمام مشروعات سے کلی طور پر مطمئن نہیں ہوں کیونکہ ان میں بہت سے نااہل لوگ بھی خدمت پر مامور ہیں جن کا مقصد دنیاوی مصلحت و فوائد اور دولت و ثروت کے سوا کچھ بھی نہیں۔ اس سلسلے میں میری دلی تمنا ہے کہ ان مفاد پرستوں پر پابندی عائد کرکے اس علم کی خدمت اہل اہل اور باصلاحیت علماء کو سونپی جائے جن کے دلوں میں اسکی محبت اور اس کے لئے غیرت و حمیت ہے۔ وہ صحیح و ضعیف کے درمیان تمیز کرنے پر قادر ہیں۔ نیز انھیں تحقیق و تخریج اور تنظیم و اخراج کا مکمل تجربہ ہے۔

س : ان چند بلند پایہ علمائے کرام کے نام بتائیں جو بلاد عربیہ میں علم حدیث کی خدمات انجام دے رہے ہیں۔

ج : عرب دنیا میں خدام احادیث کی تعداد خاصی ہو چکی ہے لیکن ہم انھیں "بلند پایہ اکابر" نہیں کہہ سکتے۔ کیونکہ ان میں سے زیادہ تر علماء ایسے ہیں جو اس خدمت کو صرف اپنا پیشہ بنائے ہوئے ہیں۔ وہ علمی، عملی، اخلاقی، ہر اعتبار سے طریق محدثین سے کوسوں دور ہیں۔ ان پر خرافات و بدعات کے ساتھ ساتھ مذہبی تعصب کا بھی غلبہ ہے ان کے اس کردار کے باعث علم حدیث اللہ سے فریاد کناں ہے کہ مجھے ان کے اعمال سے نجات عطا فرما۔

س : براہ کرم شیخ ناصر الدین البانی حفظہ اللہ کی حیات اور علمی خدمات پر کچھ روشنی ڈالیں۔

ج : شیخ ناصر الدین البانی حفظہ اللہ ایک ایسی شخصیت ہے جس نے اپنی زندگی سنت نبویہ کی خدمت کے لئے وقف کردی ہے۔ اللہ رب العالمین نے انکی جد وجہد میں انتہائی برکت دی ہے انکی ہمہ جہت کوششوں سے تمام نوجوانان ملت اسلامیہ کو بے حد فائدہ پہونچا ہے۔ انکی عظیم خدمات ایسی ہیں کہ کالی اسباب و وسائل رکھنے والے ادارے بھی ایسی خدمات سے عاجز و قاصر ہیں۔ بلاشبہ وہ اس زمانے میں سنت کے نمایاں علمبردار اور یکتائے زمانہ ہیں۔ ذالک فضل اللہ یوتیہ من یشاء واللہ ذو الفضل العظیم۔ اللہ انکی عمر میں برکت دے ان کے مخالفین کو انصاف اور ان کے مرتبے کا اعتراف کی توفیق بخشے، کیونکہ فضائل کا علم وادراک اہل فضائل ہی کرتے ہیں۔

س : عہد سابق کے ہندوستان میں علم حدیث کی جو خدمات انجام دی گئیں ان کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ نیز موجودہ خادمین حدیث کے متعلق بھی اپنے تاثرات کا اظہار فرمائیں تو بہتر ہوگا؟

ج : ہندوستان میں خدمات حدیث کے باب میں شاہ ولی اللہ دہلوی کا خاندان اور ان کے تلامذہ فائق رہے۔ شیخ نواب صدیق حسن خان بھوپالی ان کے رفقاء شیخ نذیر حسین دہلوی اور ان کے تلامذہ جیسے شیخ محمد بشیر سہسوانی، شیخ شمس الحق عظیم آبادی اور شیخ عبدالرحمن مبارکپوری رحمہم اللہ اور ان کے ساتھیوں نے ہندوستان میں سنت نبویہ کی خدمت اور نشر واشاعت کے لئے ایسے اہم کارنامے انجام دیئے ہیں کہ جنھیں دیکھ کر انکے لئے دل سے شکریہ، تعریف اور خراج خیر کے الفاظ نکلتے ہیں۔ اللہ انھیں بہترین بدلہ عطا فرمائے۔ "آمین" انھوں نے محدثین کے منہج پر علم و عقیدہ دونوں کے لحاظ سے ایسی قیمتی اور نفع بخش کتابیں تالیف کیں کہ جن کی بناء پر وہ سنہرے دور کے ائمہ حدیث میں شمار کئے جانے کے مستحق ہیں۔ "فجزاھم اللہ احسن الجزاء واسکنھم علی الجنان مع النبیین والصدیقین والشھداء والصالحین وحسن اولئک رفیقا آمین"۔ رہی اسوقت کی بات تو ہندوستان میں مدارس اور جامعات بکثرت ہو گئے ہیں لیکن یہ مدارس پستی، ہمتی اور کمزوری کا بھی شکار ہیں اور ان کے اندر علمی صلاحیت، قوت کفاءات اور موہبت کی بھی کمی ہے۔ آج ایسے کامل الفن اور عبقری علماء کہاں ہیں جن کا ذکر کیا گیا وہ ذہانت، زہد و ورع اور اخلاص و للہیت میں یکتائے روزگار تھے۔ وہ دعوت و تبلیغ

R.N. NO. 39374/80 REG D. (DN) 240, DATED 31.7.1991 PHONE NO. 3279940 3273407

JARIDA TARJUMAN (WEEKLY)

AHL-E-HADEES MANZIL
4116-URDU BAZAR, JAMA MASJID, DELHI-6

بقیہ : اشتہر ویو . . . . .

اور اسلام کی نشر و اشاعت میں جان و جہد تھے۔ وہ اسلام کے خلاف ملحدین اور مشرکین کے شبہات و شکوک کا ازالہ کر کے ان کے باطل نظریات اور اقدامات کو رد و مسترد دیتے تھے۔ اللہ سے ہمیں قوی امید ہے کہ وہ مسلم نوجوانوں ہی میں پہلے جیسی موہبت، کفاءات اور طاقت پیدا کرے گا۔ مسلم نوجوان ہی اسلام کی عظمت، ہیبت اور قوت کو از سر نو قائم کریں گے۔ مسلم نوجوان ہی اسلام کی عظمت اس کے وقار اور عالمگیریت کو باقی بھی رکھ سکیں گے۔ لوگوں کے دلوں پر اس کی ہیبت و سطوت کا سکہ بٹھائیں گے، اور اسلامی شعائر کی پابندی اور انکی بقا کے لئے جد و جہد کریں گے۔ جو لوگ اسلام کی عظمت، قدر و قیمت، جلالت عظمت اور مقام کو نہیں جانتے وہ دراصل حاملین اسلام کی عظمت سے انکی جہت و براہین پیش کرنے کی قدرت سے ان کے عقیدے، اخلاق اور سیاست وغیرہ میں اسلامی تعلیمات کی مکمل شمولیت سے ہی ان تعلیمات کے حقیقی مقام کو پہچانیں گے۔ داعیان اسلام کا حقیقی دینی کردار جب بھی معاشرے میں مکمل طور سے ظہور پزیر ہوا تو اسلام اور داعیان اسلام کا دائرہ کار اور اثر دیگر قوموں اور امتوں میں بھی بڑھا، لوگ اسلام کی جانب متوجہ ہوئے اور اسے قبول کرنے لگے۔ اسی باعث موجودہ دور میں اسلامی مدارس اور جماعات پر یہ ذمے داری عائد ہوتی ہے کہ وہ دین اور محنتی طلبہ کو مناظرہ، تحریر، تقریر، تصنیف و تالیف اور دیگر امور میں، بھرپور انداز سے تیار کریں، ان کے پروان چڑھنے اور ترقی کرنے کے اسباب و وسائل مہیا کریں، اسی طرح مسلمان اپنے دین پر ثابت قدم رہ کر اسلام کے اس مقصد کی تکمیل کر سکتے ہیں کہ لوگوں کو اسلام کی طرف مائل کریں اور جماعت در جماعت مسلمان بنانے کی کوشش کریں جیسا کہ ہماری اسلامی تاریخ کے زریں صفحات پر نقش ہے۔ اللہ ہی کی وہ ذات ہے جس نے اس دین کی حفاظت کی وہی قادر مطلق ہے۔ اور وہی اپنے دین کی تجدید کے لئے ہر صدی میں ایک مجدد بھیجتا رہے گا۔

س : ہندوستانی مسلمانوں کے لئے آپ کون سا منہج پسند کرتے ہیں؟

ج : میں پوری دنیا اور ہندوستان کے مسلمانوں کے لئے جس منہج کو پسند کرتا ہوں وہ وہی منہج ہے جسے اللہ نے اس امت کے لئے پسند کیا ہے۔ جسے اپنائے بغیر دنیا و آخرت میں عزت و سعادت اور کامیابی حاصل ہی نہیں ہو سکتی وہ منہج اور طریقہ، قرآن کا طریقہ ہے جس میں کسی بھی جانب سے باطل کی دخل اندازی کی کوئی گنجائش نہیں ہے۔ اور پھر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی سنت مبارکہ ہے جس کے بارے میں اللہ نے فرمایا: "وما ینطق عن الھوی، ان ھو الا وحی یوحی" مصطفیٰ ہرگز نہ گفتہ تا نہ گفتہ جبرئیل جبرئیل ہم نہ گفتہ تا نہ گفتہ کردگار

ان دو چیزوں یعنی "کتاب و سنت" میں ہی مسلمانوں کی سعادت اور عزت و بلندی ہے اسی سے ان کی صفوں میں اتحاد پیدا ہو سکتا ہے۔ اور ان کے اندر وہ وحدت قائم ہو سکتی ہے جس کے سوا اللہ تعالیٰ اور کچھ ہرگز پسند نہیں فرماتا اور جس کا اللہ نے انھیں بہت سی آیات میں مکلف بھی کیا ہے۔

"واعتصموا بحبل اللہ جمیعا ولا تفرقوا"

ترجمہ: تم سب اللہ کی رسی کو مضبوطی سے پکڑ لو اور باہم تفرقہ بازی مت کرو ایک دوسری جگہ ارشاد فرمایا گیا: "وَاَنَّ ھٰذَا صِرَاطِیْ مُسْتَقِیْمًا فَاتَّبِعُوْہُ وَلَا تَتَّبِعُوا السُّبُلَ فَتَفَرَّقَ بِکُمْ عَنْ سَبِیْلِہٖ"

اور یہی کتاب و سنت میرا سیدھا راستہ ہے تم اس کی پیروی کرو اور دیگر راستوں کی اتباع مت کرو اس لئے کہ دیگر راہوں کی اتباع میں راہ راست سے بھٹک جاؤ گے۔

بقیہ : نیاحت اور اسلام

چاہے وہ باپ ہو یا بھائی۔

جب تین دن سے زیادہ میت پر سوگ منانا حرام ہے چیخنا، چلانا، دامن پھاڑنا، سینہ کوٹنا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی لعنت کا موجب ہے تو پھر امام حسین رضی اللہ عنہ کی شہادت پر صدیاں گذر جانے کے بعد بھی سوگ منانا کس طرح روا اور جائز ہو سکتا ہے؟

مقصد تحریر

ماہ محرم اسلامی سال کا پہلا اور الٹے کے نزدیک محترم مہینہ ہے لیکن سال کے پہلے ہی ماہ کے تقدس کو مسلمان جس طرح اپنی شیطانی حرکتوں سے پامال کرتے ہیں وہ نہ صرف قابل افسوس ہے بلکہ باعث شرم بھی۔ ماہ محرم کے شروع ہوتے ہی آہ و فغاں نوحہ و گریہ، سینہ کوبی اور مرثیہ خوانی کا ایک طوفان بپا ہو جاتا ہے، معاملہ صرف سوگ و ماتم کا ہی نہیں بلکہ اس تقدس کے پردے میں ایک طوفان بدتمیزی بھی پوشیدہ ہے ان میلوں میں ڈھول، تاشہ، گانا بجانا، کھیلنا کودنا، باگ بندر، جوگی جوگن، سنڈے، جلالی، ایسی ایسی بھونڈی نقلیں اتارنا، گلے میں زنار، پیشانی پر ٹیکہ لگا کر مرد کا عورت بن جانا اور عورت کا مرد بن جانا عام باتیں ہیں۔

ان میلوں کو دیکھنے کے لئے ہزاروں کی تعداد میں مرد و عورت جمع ہوتے ہیں لڑکیاں بن سنور کر چست جاموں بے باک نگاہوں سے شمع محفل بنی رہتی ہیں جن پر ٹوٹ پڑنے کے لئے نوجوان لڑکے پروانوں کی طرح چکر لگائے رہتے ہیں ہزاروں ایسے ہاتھ ہیں جو انہیں چھونے کے لئے تڑپ رہے ہیں لاکھوں ایسی ہولناک نگاہیں ہیں جو انہیں دیکھنے کے لئے بے چین ہیں اور کئی ایسے دل ہیں جو ان تک پہنچنے کے لئے تڑپ رہے ہیں۔

غرضیکہ بے حیائی کا کوئی ایسا عنصر نہیں جو ان محفلوں میں چھوٹ پاتا ہو اور زنا کی کوئی ایسی قسم نہیں جو یہاں اپنا کرشمہ نہ دکھاتی ہو۔ حقیقت یہ ہے کہ مسلمان فتوحات میں کھو گئے وہ اسلام جس نے دنیا کی وحشی قوموں کو تہذیب و تمدن کے اعلیٰ مدارج پر پہونچایا وہی مسلمان اس سے بیگانہ ہو کر تیزی کے ساتھ تنزل و ادبار کی طرف بھاگ رہے ہیں، حالی مرحوم نے اسی کا ماتم کرتے ہوئے کہا تھا:

وہ دیں جس سے تو حید پھیلی جہاں میں
ہوا جلوہ گر حق زمیں و زماں میں
رہا شرک باقی نہ وہم و گماں میں
وہ بدلا گیا آ کے ہندوستاں میں
ہمیشہ سے اسلام تھا جس پہ نازاں
وہ دولت بھی کھو بیٹھے آخر مسلماں

بقیہ : درس حدیث

کثیرا ما کان النبی صلی اللہ علیہ وسلم یحلف یا مقلب القلوب (بخاری)

آپ کا قسم کھانے کا طریقہ اکثر حالوں ہوا کرتا تھا یہی مقلب القلوب (دلوں کو پلٹنے والے) کی قسم نیز اسلام نے ایسے لوگوں کے حق میں بھی بڑی سہولت مہیا کر دی ہے جو بسا اوقات کسی کام کے کرنے کی قسم کھا لیتے ہیں۔ لیکن بعد میں انھیں اس کو نہ کرنے میں بھلائی نظر آتی ہے۔ ان کے لئے حکم ہے کہ قسم کو توڑ کر اس کا کفارہ ادا کر دیں آپ نے فرمایا "من ابی ھریرۃ ان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم قال من حلف علی یمین فرای خیرا منھا فلیکفر عن یمینہ ولیفعل (رواہ مسلم) جو شخص کسی امر کے متعلق قسم کھائے پھر اس کے خلاف کو بہتر سمجھے تو اس کو کرے اور قسم کا کفارہ دے۔ ایک اور حدیث میں آپ کا حضرت عبدالرحمن بن سمرہ رضی اللہ عنہ کو دیا گیا حکم منقول ہے جسے صحیحین نے نقل کیا ہے۔ فرمایا "اذا حلفت علی یمین فرایت غیرھا خیرا منھا فکفر عن یمینک وات الذی ھو خیر" جب تم کسی کام کے کرنے کی قسم کھالو اور دیکھو معاملہ اس کے برعکس بہتر ہے تو اپنی قسم کا کفارہ دو اور وہ کام کرو جو بہتر ہے۔

قسم کے کفارہ کی مقدار کے متعلق قرآن مجید میں ارشاد ہے" فکفارتہ اطعام عشرۃ مساکین من اوسط ما تطعمون اھلیکم او کسوتھم او تحریر رقبۃ فمن لم یجد فصیام ثلثۃ ایام، ذلک کفارۃ ایمانکم اذا حلفتم (المائدہ) ایسی قسم کا بدلہ یہ ہے کہ دس فقیروں کو درمیانہ کھانا کھلاؤ جو اپنے بچوں کو کھلاتے ہو، یا انھیں کپڑے پہنا دو، یا ایک غلام کو آزاد کر دو، اور جو یہ نہ کر سکے تو وہ تین دن کے روزے رکھے۔ یہی تمہاری قسموں کا کفارہ ہے جو تم نے (قصداً) کھائی لیکن اسی کے ساتھ اللہ تعالیٰ نے امت محمد پر یہ احسان بھی کیا ہے کہ اس میں کے جو لوگ عادتاً مجبور ہوتے ہیں اور بلا ارادہ انکی زبان سے خواہ مخواہ اللہ قسم، بخدا واللہ وغیرہ قسمیہ الفاظ بات بات پر نکل جاتے ہیں تو ان پر اللہ کی جانب سے کسی قسم کی گرفت نہیں ہے۔